امریکی محکمہ انصاف
کمیونٹیز ریلیشنز سروس (سی آر ایس)

# پروگرام اور خدمات

ہمیں تنوع  اور توانائی سے فائدہ اٹھائے بغیر   اور اپنے لوگوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو استعمال کیے بنا  اپنے مسائل حل کرنے کی کوئی امید نہیں ہے۔

◄ راجر ولکنز ، سی آر ایس کے سابق ڈائریکٹر یا او ر شہری حقوق کے رہنما





# پروگرام اور خدمات

سی آر ایس سہولت ثالثی ، تربیت اور مشاورت کی خدمات مہیا کرتی ہے جو نسل ، رنگ ، بنیادی قومیت، صنف ، صنفی شناخت ، جنسی رجحان کی بنیاد پر تنازعات ، تناؤ ، اور نفرت انگیز جرائم کی روک تھام اور اس سے نمٹنے کیلئے کمیونٹیز کی صلاحیتوں کو بہتر بناتی ہے اور ان کی استعداد کار میں اضافہ کرتی ہے۔ سی آر ایس کمیونٹی اور قانون نافذ کرنے والی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے لئے تیار کردہ پروگراموں کے ساتھ ساتھ اسکول پر مبنی پروگرام فراہم کرتی ہے جو طالب علم رہنماؤں کے مابین مسئلہ حل کرنے میں بہتری لاتے ہیں۔ سی آر ایس کے تمام پروگراموں کے مقاصد تنازعات میں شامل فریقین کو مختلف نقطہ نظر کے بارے میں جاننے ، وسائل اور بہترین طریق کار کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کرنے ، اور معاشروں کی مدد کرنے میں مدد دینا ہیں جب وہ حل کی شناخت کرتے ہیں اور ان پر عمل درآمد کرتے ہیں۔ اگرچہ کچھ سی آر ایس پروگرام بعض مخصوص لوگوں کیلئے تیار کیے جاتے ہیں ، بیشتر پروگراموں کو دیگر لوگوں کیلئے یا ترتیب کے مطابق بنایا جاسکتا ہے۔



## تربیتی پروگرام

### قانون کا نفاذ کرنے والوں اور ٹرانس جینڈر کمیونٹی کی تربیت

یہ پروگرام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سرکاری عہدیداروں کو ٹرانس جینڈر برادری سے متعلق اہم تعریفیں اور سفارش کردہ زبان ، ٹرانس جینڈر افراد کے خلاف نفرت انگیز جرائم کے اثرات ، اور ٹرانس جینڈر برادری کے ساتھ رسائی کی حکمت عملی فراہم کرتا ہے۔

### **مسلمان اور سکھ امریکیوں کے ساتھ رابطے قائم کرنا اور ان کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دینا**

ان دونوں پروگراموں کے مقاصد شہری حقوق سے متعلق امور کے بارے میں عوامی شعور کو بڑھانا ہے جو مسلمان اور سکھ امریکیوں کو متاثر کرتے ہیں۔ یہ مسلم اور سکھ امریکیوں کے عقائد اور مذہبی طریقوں کے بارے میں تفہیم کو بڑھاتے ہیں تاکہ برادری کے تمام ارکان کیلئے رابطہ کاری اور عوامی حفاظت کو بہتر بنایا جاسکے؛ اور مسلم اور سکھ امریکی کمیونٹیز کے ساتھ باہمی تعاون کا بہترین طریقہ کار فراہم کرتے ہیں۔



## ہنگامی منصوبہ بندی: عوامی واقعات کے دوران خطرے کو کم کرنا

یہ  پروگرام شرکاء کی  معلومات میں اضافہ کرتا  ہے کہ مظاہرے یا جلسوں جیسے عوامی پروگرام کے لئے  محفوظ طریقے سے منصوبہ بندی کیسے کی جاسکتی ہے تاکہ وہ تشدد کے امکانات کو کم کرسکیں۔ اس میں شرکاء کے لئے یہ بھی وقت شامل ہوتا ہے کہ وہ پروگرام کی تیاری اور انعقاد کے لئے ایک مناسب منصوبہ تیار کرنا شروع کریں اور ایونٹ کے دوران عوام کی حفاظت کو برقرار رکھنے کے لئے امکانی امور کا جائزہ لیں  اور انہیں  حل کریں۔

## ایونٹ مارشلز: عوامی واقعات کے دوران حفاظت کیلئے تعاون  کرنا

مارشلز کو پروگرام کے شرکاء کے ساتھ رابطے کا بنیادی مرکز  ہونے کی وجہ سے ایک محفوظ اور کامیاب ایونٹ کی حمایت کرنے کے لئے نامزد کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد ایونٹ مارشل کی توقعات کے ساتھ ساتھ کسی  پروگرام کے دوران عوامی حفاظت کو برقرار رکھنے میں مارشل کے کردار کی اہمیت کی بھی وضاحت کرنا ہے۔



## مسائل کے حل سے متعلق پروگراموں کیلئے سہولت فراہم کرنا

### پولیس اور برادری کی شراکت کو مضبوط بنانا (ایس پی سی پی)

ایس پی سی پی اعتماد اور شراکت داری کو بڑھاتے ہوئے عوام کی حفاظت کو بہتر بنانے کی خاطرمسائل کے حل سےمتعلق بات چیت کیلئے قانون نافذ کرنے اداروں اور متنوع کمیونٹیز کے رہنماؤں کا اجلاس بلاتا ہے۔ یہ پروگرام مقامی صلاحیت میں اضافے اور پولیس اور برادری کے تعلقات سے متعلق مسائل کو حل کرنے کے لئےتیار گیا ہے۔

### نسل کے حوالے سے مکالمہ

نسل سے متعلق مکالمے کے پروگرام میں کمیونٹی کے متعدد شرکاء کو معلومات کا تبادلہ کرنے ، ذاتی کہانیاں اور تجربات شیئر کرنے ، نقطہ نظر کا اظہار کرنے ، نقطہ نظر کو واضح کرنے ، اور افہام و تفہیم کو بڑھانے کیلئے اکٹھا کیا جاتا ہے۔ مکالمے کے عمل کے ذریعے فریقین مشترکہ تعلقات اور معاشرتی تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے مل کر کام کرنے کے طریقوں کی نشاندہی کرسکتے ہیں۔



### اسکول۔ طالب علموں سے متعلق مسائل کی نشاندہی اور مل کر مسائل کا حل تلاش کرنا (اسکول۔ اسپرٹ)

اسکول-اسپرٹ پروگرام میں طلباء کے رہنماؤں ، اسکول کے منتظمین ، اور اسکول کے دیگر کمیونٹی ارکان کو ان کے اسکول پر اثر انداز ہونے والے مسائل کی نشاندہی کرنے اور ان مسائل کو حل کرنے کے لئے حل تیار کرنے کے عمل میں شامل کیا گیا ہے۔ اسی طرح کا ایک پروگرام کالج یا یونیورسٹی کی سطح پر دستیاب ہے ، جسے کیمپس سائٹ مسئلے کی نشاندہی اور ایک ساتھ مل کر مسائل کا حل (کیمپس-اسپرٹ) کہا جاتا ہے

### شہر۔ سائٹ مسئلے کی شناخت اور مسائل کو ایک ساتھ مل کر حل کرنا (سٹی اسپرٹ)

سٹی۔ اسپرٹ پروگرام عوامی عہدیداروں ، قانون نافذ کرنے والے اداروں ، مذہب پر مبنی برادری اور کمیونٹی گروپس سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو اکٹھا کرتا ہے تاکہ ان کی کمیونٹی کو متاثر کرنے والے معاملات کی نشاندہی کریں اور تنازعات کو کم کرسکیں ، باہمی رابطے کو بہتر بنا سکیں اور مستقبل میں تنازعات کے امکان کو کم کر سکیں۔



## نفرت پر مبنی جرائم سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کرنے والے کمیونٹی فورم

### تعصب کے واقعات اور نفرت انگیز جرائم کا فورم

سی آر ایس ایسے فورمز کی سہولت فراہم کرتا ہے جو تعصب کے واقعات اور نفرت انگیز جرائم کا مقابلہ کرنے اور ان سے نمٹنے کے لئے نقطہ نظر شیئر کرنے کے لئے مقامی اور وفاقی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کو تبادلہ خیال کرنے کا موقع فراہم کر سکے۔ یہ فورم معلومات کے تبادلے اور اسٹیک ہولڈرز کے مابین تعلقات کو مضبوط بنانے میں بھی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

### عبادت گاہوں کو تحفظ فراہم کرنا

یہ فورم ممکنہ خطرات کے خلاف عبادت گاہوں کی حفاظت کے لئے کمیونٹیز کیلئے بہترین طریقہ کار پیش کرتا ہے۔ سرکاری افسران جسمانی تحفظ کو یقینی بنانے اور سیکیورٹی کے منصوبوں کو تیار کرنے کے لئے رہنما ئی فراہم کرتے ہیں۔ عبادت گاہوں کے مقامات کا تحفظ مقامی اور وفاقی قانون نافذ کرنے والے عہدیداروں اور مذہب پر مبنی تنظیموں سے بات چیت کرتے ہوئے نفرت انگیز جرائم کے قوانین ، فعال شوٹروں اور عبادت گاہوں پر جسمانی تحفظ سے متعلق معلومات اور وسائل مہیا کرتے ہیں۔



## اضافی خدمات

اوپر بیان کیے گئے پروگراموں کے علاوہ سی آر ایس مندجہ ذیل خدمات فراہم کرتی ہے:

مکالموں کیلئے خاص طور پر وضح کردہ سہولت جو مواصلات کی راہیں کھولنے اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے مابین معلومات کا تبادلہ بہتر بنانے کے لیے فراہم کی جاتی ہے۔

تنازعات کیلئے ثالثی جس میں کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے لیے منظم اور رسمی ملاقاتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

مشاورت کی خدمات جس میں کمیونٹیز کے لیے باہمی رابطوں کو بہتر بناتے ہوئے، شراکت داری کے ساتھ تنازعے کے حل کیلئے اور مسائل کا مشترکہ طور پر حل تلاش کرنے کے لیے تنازعات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کی خاطر کمیونٹیز کو مدد فراہم کی جاتی ہے۔

سی آر ایس خدمات فریقین کو معاملات کی اصلاح اور انہیں واضح کرنے ، امکانی حل تلاش کرنے اور عملی منصوبوں کی ترقی میں مدد فراہم کرتی ہیں ، اور یہ سبھی فریقین کو باہمی طور پر قابل قبول طریقوں سے تنازعات کے حل کی طرف بڑھنے میں مدد کرتی ہیں۔

امن ایک ہزار میل کا سفر ہے اور اسے طے کرنے کیلئے ایک وقت میں ایک قدم اٹھانا ہوگا

لنڈن بی جانسن

## سی آر ایس کے بارے میں

یہ 1964 کے شہری حقوق ایکٹ کے عنوان X کے ذریعہ قائم کیا گیا تھا اور میتھیو شیفرڈ اور جیمز برڈ جونیئر نے اسے نفرت انگیز جرائم سے بچاؤ ایکٹ 2009 کے ذریعہ توسیع دی۔ سی آر ایس نسل کے اختلافات پر مبنی تناؤ یا تنازعات کا سامنا کرنے والے فریقین کے لئے رنگ ، بنیادی قومیت ، صنف ، صنفی شناخت ، جنسی رجحان ، مذہب اور معذوری کے حوالے سے "امریکہ کے امن ساز" کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔ سی آر ایس خدمات کا مقصد مقامی کمیونٹیز کی صلاحیتوں کو آزادانہ اور باہمی تعاون سے مستقبل کے تنازعات کی روک تھام اور مسئلے کو حل کرنا ، علم میں اضافہ کرنا اور بہتر باہمی رابطوں کے ذریعے مسائل حل کرنے کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔

## ہم کہاں کام کرتے ہیں

**سی آر ایس ہیڈ کوارٹرز**

واشنگٹن ڈی سی

**سی آر ایس کے علاقائی دفتر**

**نیو انگلینڈ**
باسٹن، میساچیوسٹس

**مڈ ویسٹ**
شکاگو، ایلی نوئے

**مغربی**
لاس اینجلس، کیلی فورنیا

**شمال مشرق**
نیویارک، نیو یارک

**جنوب مغرب**
ڈیلس، ٹیکساس

**شمال مغرب**
سئیٹل، واشنگٹن

**وسط بحر اوقیانوس**
فلاڈیلفیا، پینسلوانیا

**مرکزی**
کنساس سٹی، مزوری

**جنوب مشرق**
ایٹلانٹا، جارجیا

**راکی ماؤنٹین**
ڈینور، کولوراڈو


**سی آر ایس فیلڈ آفسز**

میامی، فلوریڈا

ڈیٹرائٹ، مشی گن

ہیوستون، تگزاس

سان فرانسیسکو، کالیفرنیا




ان پروگراموں یا سی آر ایس کی دیگر خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے سی آر ایس کے مقامی دفتر سے رجوع کریں۔

https://www.justice.gov/crs/about-crs/regional-and-field-officess

امریکی محکمہ انصاف

کمیونٹی ریلیشنز سروس **(CRS)**


ہمیں تلاش کریں، ہم سے رابطہ کریں

www.justice.gov/crs

@DOJ_CRS facebook.com/DOJCRS/

askcrs@usdoj.gov 202.305.2935